**Ministry of Education**

Minister

315 Front Street West
Toronto ON M7A 0B8

**Ministère de l'Éducation**

Ministre

315, rue Front Ouest
Toronto ON M7A 0B8

Ontario

محترم والدین،

صوبہ ہذا میں ہماری حکومت کی جانب سے ایمرجنسی کی حالت کا اعلان کیے جانے سے پورے دو ہفتے کے بعد آج میں آپ کو لکھ رہا ہوں۔

مجھے معلوم ہے کہ یہ مدت آپ اور آپ کے بچوں کے لیے آسان نہیں رہی ہے، خاص طور پر اس وجہ سے کہ COVID-19 کی وبا کے اثرات نے ہمارے روزمرہ کی زندگیوں پر روز افزوں ڈالنا پڑنا شروع کر دیے ہیں۔

COVID-19 کے خلاف جنگ آسان نہیں رہی ہے، لیکن اس وبا کے پھیلاؤ کو روکنے کی ہماری کوششوں میں آپ اور آپ کے بچوں نے جس بہادری اور ثابت قدمی کا مظاہرہ کیا ہے اس سے میں بے مثال حد تک متاثر ہوا ہوں۔ 12 مارچ کو اسکولی نظام کو بند کرنے کا کابینہ کا فیصلہ ہونے کے بعد سے، ہمارے سب سے مصیبت زدہ افراد کو بچانے کے لیے ہم نے پبلک اور پرائیوٹ سیکٹرز کے ذریعہ اٹھائے گئے بے پناہ اقدامات کو دیکھا ہے۔

میں آپ کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ، وزیر تعلیم کی حیثیت سے، ہمارے بچوں کی صحت و سلامتی ہماری حکومت کی اولین ترجیح رہتی ہے؛ بس کوئی بھی ترجیح اس سے زیادہ اہم نہیں ہے۔ ہم جو بھی فیصلہ کرتے ہیں اس کی جڑیں ہمارے بچوں کی بہبود کی نگہبانی کے بنیادی پیمان عہد میں پیوست ہوتی ہیں۔ اسکول بندی کی اس مدت کے دوران آپ اور آپ کے بچوں نے جس قابل غور سمجھ بوجھ اور لچک پذیری کا مظاہرہ کیا ہے ہم اس کے حد درجہ مشکور ہیں۔

اسی پیمان عہد کو ذہن میں رکھتے ہوئے، آج ہماری حکومت نے صوبہ ہذا میں پبلک اسکولوں کی بندی کو 4 مئی تک نیز نگہداشت طفل کے مراکز اور پرائیوٹ اسکولوں کو 13 اپریل تک بڑھانے کا فیصلہ کیا۔ معمولی اوقات میں، یہ ایک مشکل فیصلہ ہوتا۔ لیکن اونٹاریو کے چیف میڈیکل افسر برائے صحت کے اس امر سے اتفاق کرنے کے مدنظر کہ یہ آپ اور آپ کے بچوں کے بہترین مفاد میں ہے، یہ فیصلہ صاف اور واضح تھا۔

یوں تو یہ اعلان صحت عامہ کی پالیسی کے عین مطابق ہے، مگر مجھےمعلوم ہے کہ آپ کے بچے آنے والے ہفتوں میں اپنی تعلیم کے بارے میں جو کچھ کریں گے اس بارے میں سوالات پیدا ہوں گے، کیونکہ درون تدریس تعلیم ہو نہیں پائے گی۔

آج، مجھے گھر پرآموزش (Learn at Home) کے اگلے مرحلے کے لیے حکومت کے منصوبے کا اور اس مدت کے دوران ہم طلبہ، فیملیز اور معلمین کا جس طریقے سے تعاون کر رہے ہیں اس کا اعلان کرتے ہوئے فخر ہو رہا ہے۔

.../صفحہ 2

شروعات کرنے کے لیے، ہم نے اسکول بورڈز کو ہدایت دی ہے کہ، پیر، 6 اپریل سے استاد کی زیر ہدایت آموزش پورے صوبے میں دوبارہ شروع ہو جائے گی۔ طلبہ کو ان کے اساتذہ اور اسکول بورڈ کے عملہ سے اس ہفتے سے مواصلت موصول ہونا شروع ہو جائے گی تاکہ اس مدت کے دوران آپ کا بچہ جتنے بہترین طریقے سے آموزش جاری رکھ سکتا ہے اس کا تعین ہو جائے۔ خاص طور پر ہمارے سب سے چھوٹے معلمین کے مدنظر، میری آپ سے گزارش ہے کہ جب معلمین آپ کے بچے سے رابطہ بنانا شروع کریں تو آپ ان کے ساتھ ان شروعاتی بات چیت کی سہولت بہم پہنچانے میں اپنا دست تعاون بڑھائیں۔ یہ شروعاتی مواصلت اس امر کو یقینی بنائے گی کہ تمام طلبہ بھرپور آن لائن آموزشی حکمت عملی میں سرگرمی کے ساتھ اور پوری طرح سے شرکت کر سکتے ہیں۔ ہم نے فی الحال گھر پر موجود ٹیکنالوجی اور وسائل کی بنیاد پر حکمت عملی تیار کی ہے۔

مجھے یہ بھی معلوم ہے کہ صوبہ ہذا میں بہت ساری فیملیز کو آن لائن آموزش میں پوری طرح سے شرکت کرنے کے لیے درکار ٹیکنالوجی اور براڈ بینڈ کنکشن تک رسائی نہیں ہو سکتی ہے۔ اس صورت حال کے تدارک کے لیے، ہماری حکومت نے مقامی اسکول بورڈز کو ہدایت دی ہے کہ وہ کمپیوٹرز اور ڈیوائسز کی اپنی موجودہ انوینٹری ان طلبہ کو پیش کریں جن کے پاس درون خانہ رسائی نہیں ہے۔ بورڈز ٹیکنالوجی کو اس کے ضرورتمندوں تک پھیلانے کے لیے ایک منصوبہ فروغ دینے کے واسطے وزات ہذا کے ساتھ کام کریں گے۔ میں یہ بھی تسلیم کرنا چاہتا ہوں کہ بورڈز نے ٹیکنالوجی تک طلبہ کی رسائی کے لیے متبادل اختیارات دریافت کیے ہیں، جس میں ٹیلی مواصلات فراہم کنندگان سے یہ تعین کرنے کے لیے مستقل بات چیت کرنا شامل ہے کہ فیملیز کو اونٹاریو کے رہنمائے عالم آن لائن آموزشی وسائل تک رسائی کی اجازت دینے کے لیے کون سے اختیارات موجود ہیں۔

یہ بات خاص طور پر دیہی اور دور دراز کی کمیونٹیز کے لیے ضروری ہے جہاں ہو سکتا ہے کنکشن بہترین نہ ہوں۔ ٹیکنالوجی اور براڈ بینڈ کے اختیارات کے بارے میں یہ گفتگو آگے بڑھنے پر میں آپ کو اپ ڈیٹ کروں گا۔

آن لائن آموزش کے لیے اس منصوبے کے حصے کے طور پر، ہماری حکومت نے آپ کے طالب علم کے استاد کے ذریعہ تفویض کردہ آموزشی مواد اور کام کی بنیاد پر کسی مقررہ ہفتے میں طالب علم کے کام کے وقت کی مدنظر کم سے کم توقعات کو بتایا ہے۔ ہر استاد کے لیے، ان توقعات میں شامل ہیں:

- کنڈرگارٹن سے گریڈ 3 تک: پانچ گھنٹے کا کام فی طالب علم فی ہفتہ، نیز خواندگی اور ریاضی پر فوکس؛
- گریڈز 4 سے 6 تک: پانچ گھنٹے کا کام فی ہفتہ، نیز نیز خواندگی، ریاضی، سائنس اور معاشرتی علوم پر فوکس؛
- گریڈز 7 سے 8 تک: 10 گھنٹے کا کام فی ہفتہ، نیز ریاضی، خوانگی، سائنس اور معاشرتی علوم پر فوکس؛ اور،
- گریڈز سے 12 تک: تین گھنٹے کا کام فی کورس فی ہفتہ سیمسٹر والے طلبہ کے لیے اور 1.5 گھنٹے کا کام فی کورس فی ہفتہ غیر سیمسٹر والے طلبہ کے لیے، نیز کریڈٹ جمع کرنے اور سند یافتگی پر فوکس۔

ان توقعات کی بنیاد پر، LearnAtHome کا یہ دوسرا مرحلہ طلبہ سے تعلیمی نظم و ضبط اور عہد بستگی اختیار کرنے کا متقاضی ہوگا تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ وہ مسلسل علمی فروغ اور حصولیابی کا تجربہ کر سکتے ہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ ہمارے طلبہ کام کر رہے ہیں۔

.../صفحہ 3

یوں تو یہ بے مثال اوقات ہیں، مگر ہم نے اسکول بندی کی اس مدت کے لیے جو مضبوط آموزشی پروگرام تیار کیے ہیں ان پر پوری طرح سے عہد بستہ رہنے کے لیے میں آپ کو اپنے بچوں کا تعاون کرنے اور انہیں اہل بنانے کی ترغیب دیتا ہوں۔ آپ کا تعاون، ترغیب اور تحریک آپ کے بچے کےعلمی سفر میں کامیابی کے لیے انہیں تیار کرتی رہے گی۔

مجھے معلوم ہے کہ یہ مدت سند یافتگی کی قبیل والے طلبہ کے والدین کے لیے باعث تشویش ہے۔ میں نے پہلے بھی کہا ہے، اور میں پھر دہراتا ہوں: COVID-19 کی ڈیولپمنٹس کی وجہ سے کسی بھی طالب علم کی سند یافتگی کے ساتھ جانبداری نہیں ہوگی۔ میں عزت مآب روز رومانو (Honourable Ross Romano)، منسٹر آف کالجز اینڈ یونیورسٹیز اور پوسٹ سیکنڈری سیکٹر کے شانہ بشانہ کام کر رہا ہوں۔ ہماری حکومت یقینی بنائے گی کہ طلبہ کو، جو ستمبر 2020 میں کالج یا یونیورسٹی میں داخل ہونے کا منصوبہ بناتے ہیں، اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے ہمارا پورا تعاون حاصل ہوگا۔

چونکہ طلبہ اس بندی کی مدت کے دوران کریڈٹس جمع کرتے رہیں گے، لہذا ہم اس بارے میں مزید معلومات فراہم کریں گے کہ طلبہ آنے والے ہفتوں میں پوسٹ سیکنڈری کی درخواست کی کارروائی کے ساتھ کس طرح ہم آہنگ ہو سکتے ہیں۔

میں سمجھتا ہوں کہ جن بچوں کو خصوصی تعلیمی ضروریات درپیش ہیں ان کے والدین کو اس مدت کے دوران گھر پر آموزش اور تعلیمی امدادی عملہ کی طبعی عدم موجودگی اور وسائل کے بارے میں تشویشات لاحق ہیں۔ میں سختی کے ساتھ اور واضح طور پر یہ یقینی بنانے کا پابند عہد ہوں کہ تمام طلبہ کو اس ہمہ جہت تعاون تک بدستور رسائی حاصل رہے جو مسلسل آموزش اور ترقی کو فروغ دیتی ہے۔

ہماری حکومت نے بورڈز کو ہدایت دی ہے کہ طلبہ اور تعلیمی معاونین، نیم پیشہ ور افراد اور دیگر تعلیمی کارکنان کے بیچ مواصلت کی فوری بحالی کو فعال کریں تاکہ طلبہ کے لیے پیشہ ورانہ تعاون کے تسلسل کو دوبارہ متعارف کروایا جائے۔ ہم کسی بھی طالب علم کو اس بے مثال وقت کے دوران پیدا ہونے والے شگاف میں پھنسنے نہیں دیں گے۔ میری وزات صوبہ ہذا میں معلمین کو ایک آن لائن ماحول میں تمام متعلمین کے مواقع اور حصولیابیوں کو بڑھانے کے لیے انہیں درکار ٹولز اور تعاون سے آراستہ کر رہی ہے۔

یوں تو COVID-19 کے سلسلے میں ہونے والی بیشتر باتوں میں جسمانی صحت پر پڑنے والے اثرات پر فوکس ہے، مگر اونٹاریو کے باشندوں کی ذہنی صحت پر اس وبا کے جو نمایاں اثرات پڑے ہیں ان کو بھی میں تسلیم کرنا چاہتا ہوں۔ خاص طو ر پر، ہمارے سب سے چھوٹے متعلمین کو پوری طرح سے یہ سمجھنے اور پروسیس کرنے میں جدوجہد کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے کہ ان کی زندگیوں، فیملیز، دوستوں اور کمیونٹیز کے لیے اس کی کیا معنویت ہے۔
آپ کے بچے کے لیے خوف اور اضطراب کے وقت کے لحاظ سے یہ کافی مختلف ہو سکتا ہے، چاہے یہ آمادگی کی حد تک بدیہی نہ ہو۔

یوں تو آپ اور آپ کے بچوں کو اس بارے میں بہت سارے سوالات درپیش ہو سکتے ہیں کہ مستقبل کیا ہوگا، مگر میں اپنے دل سے محسوس ہونے والی اس امید کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ بہت سارے بچوں کو اس مدت کے دوران جس بے پناہ جذبات اور ردعمل کا سامنا ہو رہا ہو سکتا ہے اسے پروسیس کرنے اور اس پر قابو پانے میں مدد کے لیے ان کے پاس تعاون کے کئی ایک طریقے ہو سکتے ہیں۔ ہماری حکومت نے اسکول بورڈز کو یہ یقینی بنانے کی ہدایت دی ہے کہ ذہنی صحت سے متعلق کارکنان اور پیشہ ور عملہ ایک محفوظ اور مامون گفتگو میں فوری طور پر طلبہ کے ساتھ مشغول ہونے کے لیے تیار رہے۔ پورے صوبے میں طلبہ کو ہمہ جہت مشاورت اور وسائل فراہم کرنے کے لیے جو بے مثال کام ہو رہا ہے اس کا ہم مسلسل تعاون کرتے ہیں۔

…/صفحہ 4

ہمارے پاس ذہنی صحت کی تشویشات یا تناؤ کا سامنا کر رہے بچوں کے لیے اہم اور پیشہ ورانہ تعاون فراہم کرنے والی بے شمار تنظیمیں ہیں۔ مثلاً، Kids Help Phone پورے صوبے میں 24/7 مشاورت اور حوالہ جاتی خدمات فراہم کرتی ہے۔ یہ مفت وسیلہ استعمال کرنے کے لیے، بچے 1-800-668-6868 پر کال یا CONNECT لکھ کر 686868 پر بھیج سکتے ہیں۔

اسکول بندی کے اگلے دور میں ہمیں آگے بڑھتے ہوئے، والدین، سرپرستوں، طلبہ، معلمین اور میری وزارت کی توقعات بڑھتی رہیں گی۔ پورے صوبے میں پہلے ہی بے شمار تحریک یافتہ اور پرعزم طلبہ، معلمین اور تعلیمی کارکنان سے مل کر، مجھے معلوم ہے کہ ہم آگے کے چیلنجوں کو پورا کرنے کو تیار ہیں۔

آپ کے لیے اور آپ کے بچے کے لیے عرض ہے کہ میں اس امر کو یقینی بنانے کے لیے اپنے مخلصانہ اور ثابت قدم پیمان عہد کی توسیع کرنا چاہتا ہوں کہ صوبے کا ہر طالب علم اونٹاریو کے عالمی درجے کے تعلیمی نظام میں آموزش جاری رکھ سکتا ہے۔ اس وقت میں ہمارے مستقبل کے قائدین کو ترغیب دینے، ان کا تعاون کرنے اور انہیں آگے بڑھانے کے لیے ہمارا مجموعی پیمان عہد ثابت قدم ہے۔

مخلص،



عزت مآب اسٹیفن لیسی (Honourable Stephen Lecce)
وزیر تعلیم